## متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے تحت مانچسٹر میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا

## مانچسٹر میں مقیم مختلف قومیتوں کے بزرگوں اورنوجوانوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کیلئے ممبر شپ فارم پر کئے

## پاکستان کے استحکام اور جمہوریت کے فروغ کیلئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ناگزیر ہے،قاسم علی رضا

## رکنیت سازی مہم پاکستانی کمیونٹی کوایک پلیٹ فارم پرمتحد کرنے کی کوشش ہے،فیض احمد

لندن۔۔۔22،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے تحت مانچسٹر میں رکنیت سازی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے۔اس سلسلے میں ایم کیوایم مانچسٹر یونٹ کے تحت مقامی ہال میں ایک سادہ تقریب منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا،ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد،کمیٹی کے ارکان سہیل خانزادہ،آصف جمیل،ریحان عباسی،لیبر پارٹی کے کونسلر نعیم الحسن اورڈاکٹر عقیلہ انصاری پاکستان کی مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں اورنوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر متعدد بزرگوں اورنوجوانوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا اورممبر شپ فارم پر کئے۔قبل ازیں تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے کہا کہ پاکستان کے استحکام اورملک میں جمہوریت کے فروغ کیلئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ جب تک ملک میں غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ،باصلاحیت اورایماندار افراد کومنتخب ہوکر ایوانوں میں آنے کا موقع نہیں ملے گا اورملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی قائم نہیں ہوگی،پاکستان کودرپیش بحرانوں سے نجات نہیں دلائی جاسکتی۔انہوں نے کہا کہ ملک کے تمام غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کے مسائل مشترک ہیں اورانہیں اپنے مسائل کے حل کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنی ہوگی۔جاگیردار،وڈیرے اورسرمایہ دار،پاکستان کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کے مسائل اوران کی پریشانیوں سے واقف ہی نہیں ہیں لہٰذا وہ غریب عوام کے مسائل کے حل میں کس طرح مخلص ہوسکتے ہیں اورغریب عوام کواپنے بنیادی مسائل کے حل کیلئے اپنی صفوں سے قیادت نکالنی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم،قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اورملک بھر میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اورایم کیوایم کا پیغام آزادکشمیر اورگلگت بلتستان سمیت ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے اورانشاءاللہ بہت جلد ملک بھر کےعوام کوفرسودہ جاگیردارانہ نظام سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔ایم کیوایم برطانیہ کے جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ برطانیہ کے مختلف شہروں میں رکنیت سازی کا سلسلہ پاکستانی کمیونٹی کوایک پلیٹ فارم پرمتحد کرنے کی کوشش ہے۔ایم کیوایم چاہتی ہے کہ برطانیہ میں مقیم تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد میں شعوری بیداری پیدا کی جائے اورپاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے عملی جدوجہد کی جائے۔

☆☆☆☆☆